اُجَاڑ ڈالا ظالموں نے گُلشن زہراء کا

اُجَاڑ ڈالا ظالموں نے گُلشن زہراء کا
بھرا ہوا تھا خونے جگرسے دامن زاہراء کا

نبي نے دُنیا سے کي جو رحلت ۔۔۔ هے ٹوٹي 'الِ نبي په 'افت
نہ چین اِك پل کِسي نے پایا ۔۔۔ نہ پائي هرگز کِسینے راحت

علي کي گردن میں کالا رسّا ۔۔۔ بتول کے گال پر طمانچه
زهر حسن کو دِیا دغا سے ۔۔۔ حسین کا هائے سر اُتارا

ستم کي یہ جو سُنے کہاني ۔۔۔ رُکے نہ 'انکھوں سے خون رواني
وه کلمه گویو کي میزباني ۔۔۔ نبي کي عترة په ظُلم راني

حسین کہ دل کا حال پوچھوں ۔۔۔ وه زخم دل پرھے کھائے دیکھو
کِسي کو مقتل کي دے رہا اور ۔۔۔ کِسي کا لاشه اوٹھائے دیکھو

پسر کِسي ماں کا مر رہا ہیں — کِسي سے بھائي بچھڑ رہا ہیں
کھیں پہ دُلھن تڑپ رہي ہیں — کِسي کا جھولا اُجڑ رہا ہیں

گہن میں سورج نہ آئے کیوں کر — گِرے ہیں جلتي زمیں پہ سرور
وہ جِسکے چہرے سے نور لیتا — بھرا ہے خون میں وہ چہرا انور

کہا شَہِ دیں نے اُٹھ اے اَبتر — جُھوکے گا سجدۃِ میں اب میرا سر
دُعاء کو لب ہِل رہے تھے شِہ کہ — لعین کا چل رہا تھا خنجر

لعین جِس پر چُھوري چلائے — تھا اِك دُکھیا بہن کا بھائي
غریب تھا بے وطن تھا بیکَس — سہارا زینب کا تھا وہ بھائي

بھلا اُسے چین آئے کیسے — پڑھے ہوئے بے دفن ھے لاشے
رِداء بھي زینب کي چھن چُکي ھے — تمام خیمے بھي جل چُکے ھے

اُجڑ گیا باغِ فاطمة پر — ہیں آج آباد مؤمنیں ھر
بقاءِ اِسلام کي ھي خاطر — لُوٹایا شبّیر نے بھرا گھر

سوٰی غمِ شه مِلے نه اور غم　　　یه مولیٰ تیري دُعاءِ اعظم
فِداءِ فِداءِ جان اِس دُعاء پر　　　سدا کراؤ حسین کا غم

ضریحِ زاهرہ بناؤو مولیٰ　　　یه بشرا جلدي سناؤو مولیٰ
مدد په هیں پنجتن تمهارے　　　یه معجزة اب دیکهاؤ مولیٰ

زمانه دیتا هے یه گواهي　　　حسیني داعي کي شان نِرالي
اُنهیں سے زِنده هے ذکر عابد　　　حَقِیقِي شبّیر کا فِدائي

✻✻✻✻✻